# پارہ 12 یَعۡتَذِرُوۡنَ

استاذہ عفت مقبول کے ساتھ

قرآن و سنت کی روشنی میں
ہدایت کا سفر

2019

# دَورَۃُ القُرآن

رشتے جوڑیئے

## پارہ 12

- بچوں کے لئے تعلیم ضروری ہے۔۔۔ لیکن انہیں دنیاوی تعلیم کا بُت نہ بنائیں ۔۔۔ دین کی تعلیم بھی دیں۔
- لوگوں کو نرمی سے دین کی دعوت دیں۔۔۔ لوگوں کو اللہ کی محبت دینی ہے۔۔ ڈرانا نہیں۔
- اپنے گناہوں پر استغفار کریں۔۔۔ اللہ سے معافی مانگیں۔
- اللہ سے رحم کی دعا کریں۔۔۔ انصاف کی نہیں

- ❖ صرف دوسروں کو نصیحت نہیں کرنی۔۔۔خود بھی عمل کرنا ہے۔
- ❖ برادری یا قوم کی وجہ سے اللہ کے حکموں کو پیچھے نہیں ڈالنا۔
- ❖ ادھورا دین نہیں لینا۔۔۔پوری نیکیاں کرنے والا بننا ہے۔
- ❖ نعمتوں کی نمائش نہیں کرنی۔۔۔اللہ چاہے تو خود نعمتوں کو ظاہر کر دیتا ہے۔
- ❖ دوسروں کو محبت دیں۔۔محبت ملے گی

2019 دَوَرَۃُ القُرآن



پارہ 12

"رزق اللہ کے ذمے ہے تم اپنا کام کرو"

- کسی بھی مصیبت اور امتحان سے گھبرانا نہیں۔۔۔یہ ہماری ترقی کی سیڑھیاں بن جائیں گی۔
- اللہ کی رضا پر راضی رہنا ہے۔۔۔ہر غم میں کہنا ہے کہ اللہ تعالی اس معاملے کی حکمت تو ہی جانتا ہے۔
- خود کو اور دوسروں کو قرآن سے جوڑنا ہے۔دین کا کام کرنے کے لیے پہلے خود کو مخلص اور صادق ثابت کرنا پڑے گا۔
- خود کو اور دوسروں کو قرآن سے جوڑنا ہے

پارہ 12

- مہمان اللہ کی رحمت ہوتا ہے . اسکا خوش دلی سے استقبال کریں۔
- اس کے لیے دل تنگ نہ کریں نہ اسکی آمد سے پریشان ہوں۔
- مہمان اپنے حصے کا رزق اپنے ساتھ لے کر آتا ہے اور آپ کے دستر خوان سے اپنے حصے کا رزق ہی کھا کر اٹھتا ہے۔
- کبھی بھی مہمان کے آنے پر تنگ دلی کا شکار نہ ہوں۔
- مہمان سے پوچھنے کی ضرورت نہیں بلکہ جو موجود ہو حاضر خدمت کر دیا جائے۔